HBL

# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ ہٰذا، اطلاع دی جاتی ہے کہ مندرجہ ذیل اُمور کی انجام دہی کے لیے حبیب بینک لمیٹڈ (''بینک'') کا غیر معمولی اجلاسِ عام بروزجمعرات، 30 مئی 2024ء، بوقت دوپہر 3:00 بجے، HBL ٹاور، اسلام آباد میں منعقد ہوگا۔

**خصوصی اُمور**

1۔ HBL مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ ("HBLMfB") میں 6ارب روپے تک کی ایکویٹی سرمایہ کاری کی منظوری اوراختیار دینا، جو 31 دسمبر 2024 کو مکمل ہوگی اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی منظوری سے مشروط ہے، اوراگر مناسب سمجھا جائے تو مندرجہ ذیل قراردادوں کوترمیم کے ساتھ یا اس کے بغیر خصوصی قراردادوں کے طور پر منظور کرنا۔

''**قرار پایا** کہ، حبیب بینک لمیٹڈ ("بینک")HBL مائیکروفنانس بینک لمیٹڈ میں 6ارب روپے تک کی سرمایہ کاری کا اختیار ہے جو 31 دسمبر 2024ء تک مکمل ہوگا، جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی منظوری سے مشروط ہے۔''

''**یہ بھی قرار پایا** کہ، مذکورہ بالاقرارداد کے نفاذ کے لیے بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز یا کسی فرد یا افراد کو اختیار دیا جاسکتا ہے اوران میں سے ہرایک کو ایسے تمام افعال، اقدامات اور معاملات کی انجام دہی اور بینک کی جانب سے اور بینک کے نام پر ایسے تمام افعال، معاہدوں، اعلان اور حلف ناموں پر عمل درآمد اور بجالانے کا اختیار دیا جاتا ہے جنہیں مذکورہ بالا سرمایہ کاری کے لیے وہ یا ان میں سے کوئی ایک ضروری یا لازمی سمجھے، بشمول مذکورہ بالا کی عمومیت کو محدود کیے بغیر، کوئی منظوری یا اجازت جو اس کے لیے یا اس ضمن میں درکار ہو۔''

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت مطلوبہ تفصیلات تمام شیئر ہولڈرز کو بھیج دی گئی ہیں۔

بینک کے ڈائریکٹرز کا سوائے بینک کے ڈائریکٹر کی حیثیت کے، مذکورہ بالا قراردادوں میں بلاواسطہ یا بالواسطہ کوئی مفاد نہیں۔

**دیگر اُمور**

2۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر اُمور پر غوروخوض کرنا۔

بحکم بورڈ

**عظمان نوید چوہدری**

کمپنی سیکریٹری

9 مئی 2024ء

کراچی

**نوٹس:**

1۔ غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد کے مقصد کے لیے اراکین (ممبرز) کا رجسٹر اور شیئر ٹرانسفر بُکس مؤرخہ 24 مئی 2024ء سے 30 مئی 2024ء (بشمول دونوں دِن) بند رہیں گی۔

2۔ صرف وہ اشخاص غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ہیں جن کے نام مؤرخہ 23 مئی 2024ء کو بینک کے اراکین (ممبرز) کے رجسٹر میں موجود ہوں گے۔

3۔ غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ایک ممبر دوسرے کسی بھی ممبر/شیئر ہولڈر کو اپنے پراکسی کے طور پر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے مقرر کرسکتا/کرسکتی ہے یا یہ کہ ایک کارپوریشن کسی ایسے شخص کو بھی اپنا پراکسی مقرر کرسکتی ہے جو ممبر نہ ہو، تاہم باضابطہ طور پر کارپوریشن کی جانب سے مجاز قرار دیا گیا ہو۔ پراکسی کی تقرری کی اطلاع اس غیر معمولی اجلاسِ عام کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہونا ضروری ہے۔

4۔ ممبرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر ہمارے شیئر رجسٹرار، CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، CDC ہاؤس، B-99، بلاک 'B'، سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی (S.M.C.H.S)، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کو مطلع کریں۔

5۔ CDC اکاؤنٹ ہولڈرز کو SECP کی جانب سے جاری شدہ سرکلر 1، بتاریخ 26 جنوری 2000ء میں مذکورہ رہنما اُصولوں پر عمل درآمد کرنا ہوگا۔

A۔ غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے مطلوبہ عوامل:

(i) انفرادی اشخاص کی صورت میں، وہ اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کردی گئی ہیں، غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے وقت اپنا اصل اور موثر کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں گے۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، غیر معمولی اجلاسِ عام کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط فراہم کرنا ہوں گے، تاوقتیکہ وہ پہلے فراہم نہ کردیے گئے ہوں۔

B۔ پراکسیز کی تقرری کے لیے مطلوبہ عوامل:

i۔ انفرادی اشخاص کی صورت میں، وہ اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کردی گئی ہیں، وہ مذکورہ بالا مطلوبہ معیار کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

ii۔ پراکسی فارم پر دو اشخاص کی گواہی موجود ہوگی، جن کے نام، پتے اور موثر CNIC نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔

iii۔ پراکسی فارم کے ساتھ فائدہ حاصل کرنے والے مالکان کے موثر CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول فراہم کی جائیں گی۔

iv۔ پراکسی کی جانب سے غیر معمولی اجلاسِ عام کے وقت اپنا اصل اور موثر CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کیا جائے گا۔

v۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، ادارہ بینک کو پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ مع نامزد شخص کے نمونہ دستخط فراہم کرے گا (تاوقتیکہ وہ پہلے فراہم نہ کردیے گئے ہوں)۔

C۔ الیکٹرانک ذرائع سے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت:

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (''SECP'') نے وقتاً فوقتاً اپنے سرکلرز کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو فزیکل اجلاس منعقد کرنے کے ساتھ ویڈیو لنک، Webinar، Zoom وغیرہ کے ذریعے بھی غیر معمولی اجلاسِ عام منعقد کرنے کی ہدایات دی ہیں۔

چنانچہ، غیر معمولی اجلاسِ عام اپنے مقام پر اور Webinar کے ذریعے منعقد ہوگا۔ بینک کے غیر معمولی اجلاسِ عام میں Webinar کے ذریعے شرکت میں دلچسپی رکھنے والے ممبرز/شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ بینک کے مقررہ ای میل ایڈریس (general.meetings@hbl.com) پر بینک کے کمپنی سیکریٹری کو اپنے کوائف، بشمول اپنے نام، فولیو نمبر، ای میل ایڈریس 27 مئی 2024ء کو کاروباری اوقات ختم ہونے تک بھیج کر رجسٹر ہوجائیں۔ رجسٹر ہونے والے شیئر ہولڈرز کو Webinar کا لنک فراہم کردیا جائے گا۔ شیئر ہولڈرز غیر معمولی اجلاسِ عام کے ایجنڈا کے نکات سے متعلق اپنی رائے/تجاویز بھی 29 مئی 2024ء تک مذکورہ بالا ای میل ایڈریس پر بھیج سکتے ہیں۔

D۔ E-Voting / Postal Ballot

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 ("ریگولیشنز") کے مطابق، الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت (**"e-Voting"**) اور ڈاک کے ذریعے ووٹنگ (**"postal ballot"**) کی سہولت ریگولیشنز میں شامل شرائط کے مطابق بینک کے خصوصی امور کے ہر ممبر کو فراہم کی جائے گی۔

اس خصوصی امور کے ایجنڈا کے لیے بینک کے شیئر رجسٹرار M/s CDC Share Registrar Services Limited کے ذریعے ممبرز/شیئر ہولڈرز کے لیے e-Voting اور postal ballot کا انتظام کیا جارہا ہے۔ ریگولیشنز کی دفعہ 11 کے مطابق بورڈ نے ایک QCR ریٹڈ آڈٹ فرم M/s BDO Ebrahim & Co., Chartered Accountants کو غیر معمولی اجلاس عام کے خصوصی امور کے ایجنڈا اور دفعہ کے تحت دیگر ذمہ داریوں کے لئے Scrutinizer مقرر کیا ہے۔

a) e-Voting کا طریقہ

i۔ e-Voting کی سہولت کی تفصیلات CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (e-Voting سروس فراہم کرنے والے) ای میل کے ذریعے بینک کے ان ممبرز سے شیئر کرے گا جن کے موثر شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس 27 مئی 2024 تک کاروبار کے اختتام تک بینک کے ممبرز کے رجسٹر میں ہوں گے۔

ii۔ ویب ایڈریس، لاگ ان کی تفصیلات، پاس ورڈ، ای ووٹ ڈالنے کی تاریخ اور دیگر ضروری تفصیلات ممبرز کو ای میل کے ذریعے بھیجی جائیں گی اور ای ووٹنگ سروس فراہم کرنے والے SMS کے ذریعے ممبرز کو سیکیورٹی کوڈز بھیجیں گے۔

iii۔ e-Voting کے ذریعے ووٹ ڈالنے کے خواہشمند ممبرز کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ ان کی تصدیق کے ذریعے کی جائے گی۔

iv۔ ممبرز ایجنڈا آئٹم نمبر 1 کے لیے 27 مئی 2024 سے 29 مئی 2024 تک کسی بھی وقت شام 5:00 بجے (PST) تک آن لائن ووٹ ڈالیں گے۔

v۔ ایک بار کسی ممبر کے قرارداد پر ووٹ ڈل دینے کے بعد اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

b) Postal Ballot کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار

i۔ ممبر متبادل طور پر postal ballot کے ذریعہ ووٹنگ کا انتخاب کرسکتے ہیں، جو نوٹس نیچے منسلک ہے یا بینک کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے:
(https://www.hbl.com/investor-relations/investor-relations/notices)

ii۔ ممبر یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی کاپی کے ساتھ پُر اور دستخط کیے ہوئے بیلٹ پیپر HBL کارپوریٹ آفس F-14، بلاک 5، کلفٹن، کراچی میں ڈاک یا general.meetings@hbl.com پر ای میل کے ذریعے 29 مئی 2024 کو یا پہلے کام کے اوقات کے دوران، اجلاس کے چیئرمین تک پہنچ جائیں۔

iii۔ Ballot Paper پر دستخط CNIC کے دستخط جیسے ہونے چاہییں۔

iv۔ غیر ملکی شیئر ہولڈرز (انفرادی) کی صورت میں شناختی کارڈ کے بدلے شناختی دستاویز کے طور پر موثر پاسپورٹ کی کاپی درکار ہوگی۔ کسی باڈی کارپوریٹ، کارپوریشن اور وفاقی/صوبائی حکومت کے نمائندوں کی صورت میں، شناختی دستاویز کے طور پر پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی/بورڈ کی قرارداد کے ساتھ موثر شناختی کارڈ/پاسپورٹ کی کاپی دینی ہوگی۔

v۔ نامکمل، غیر دستخط شدہ، غلط، مسخ، دھندلے، کٹے پھٹے، تحریر پر تحریر والا بیلٹ پیپر مسترد کردیا جائے گا۔

47X4 COL